# Our VOICES MULTILINGUAL

موسم گرما 2021 | www.houstonisd.com/voices | ایڈیشن I شمارہ 4

## والدین کے لئے پیغام ...

# غیدہ حجازی (Ghida Hijazi) کا کامیابی کا سفر

چونکه میں انگریزی زبان سے کسی حد تک یا بالکل بھی واقف نہیں تھی، اس لیے مڈل اسکول کی طالبہ کے طور پر امریکه منتقل ہونا ایک قابل ذکر سفر تھا۔ میرے کزنز میرے ساتھ اسکول جاتے تھے، جن کی بدولت یه تبدیلی باآسانی وقوع پذیر ہوئی۔ تاہم، زبان کی مشکلات پھر بھی موجود رہیں۔



غیدہ حجازی، ٹیچر اسپیشلسٹ، کارنیلیئس ایلیمینٹری

میں نے جس پہلی کلاس میں شرکت کی وہ ٹیکساس کی ہسٹری کی تھی۔ پہلے دن، استاد نے ہمیں مشق کرنے کے لیے امریکه کا نقشه فراہم کیا اور ہمیں ہدایت کی که ہمیں جتنی ریاستیں یاد ہیں ان پر نشان لگائیں۔ اس وقت تک، میں نے لبنان کے نقشے کے علاوہ کوئی اور نقشه کبھی نہیں دیکھا تھا۔ میں نے اردگرد نظر دوڑائی اور سب کو اسائنمنٹ مکمل کرتے دیکھا، اور اسی لمحے، میں جان گئی که میں گھر واپس جانے کے لیے تیار ہوں۔

قسمت مجھ پر مہربان تھی که مجھے ESL پروگرام میں داخله دیا گیا اور میں نے اپنی تمام کلاسز میں معاونت وصول کی۔ میں نے اپنے اساتذہ کو یه احساس دلایا که وہ جو کہتے ہیں اس کا صرف 10% میں سمجھ سکتی ہوں۔ اسکول میں موجود لوگوں کے ساتھ جو میری گفتگو ہوتی تھی وہ 80% عربی زبان کے ساتھ انگریزی زبان کے ان الفاظ میں ہوتی تھی جن سے میں آشنا تھی۔ میں انگریزی زبان کا استعمال کرنے کے لیے مناسب حد تک بااعتماد ہونے تک اپنے ہاتھ کے بہت سے اشاروں کا استعمال کرتی تھی۔

انگریزی زبان سیکھنے سے پہلے، عربی زبان میں میری بنیاد مضبوط تھی جس نے میرے خیال میں دونوں زبانوں پر عبور میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ علاوہ ازیں، میں نے جو استاد کی معاونت حاصل کی وہ اور گھر اور اسکول میں دونوں زبانوں سے مسلسل تعامل، روانی سے بولنے کے لیے نہایت اہم تھا۔

ہائی اسکول سے گریجوئیٹ ہونے کے بعد، میں نے یونیورسٹی آف ہیوسٹن ڈاؤن ٹاؤن میں داخله لیا اور تعلیم کے مضمون میں تدریس کی سند کے ساتھ بیچلرز آف آرٹس مکمل کیا۔ میں نے تیسرے اور پانچویں گریڈ لیولز کو ELA کی تعلیم دی۔ مجھے پورے ڈسٹرکٹ میں اپنے پہلے سال میں سال کا بہترین ابتدائی استاد اور دوسرے سال میں ٹیکساس کے سال کے بہترین انگریزی زبان کے استاد کے طور پر نامزد کیا گیا۔ پھر میں نے یونیورسٹی آف ہیوسٹن سے انتظام اور نگرانی کے مضمون میں ماسٹرز ڈگری حاصل کی۔ یوں میں نے پورا چکر مکمل کیا۔ میں نے ایک ایسی طالبہ کے طور پر آغاز کیا تھا جسے انگریزی زبان سیکھنے میں مشکلات تھیں اور پھر میں ELA استاد بن گئی، اور اب میں اپنے طلباء کو بہترین معاونت فراہم کرنے کے لیے ELA اساتذہ کی رہنمائی کر رہی ہوں۔

میں اپنی کامیابی کا سہرا اپنے والدین اور اساتذہ کے سر باندھتی ہوں جنہوں نے مجھ پر یقین کیا اور بہتر سے بہترین ہونے کے سفر میں میری حوصله افزائی کی۔ میرے والدین نے بہتر مستقبل کی تلاش میں مجھے امریکه لانے کے لیے اپنا گھر اور خاندان چھوڑا تھا۔ انہوں نے وہ تمام وسائل مجھے فراہم کرنے کے لیے سخت محنت کی جس کی مجھے کامیاب ہونے کے لیے ا ضرورت تھی۔

اگرچه وہ تعلیمی لحاظ سے میری مدد کرنے سے قاصر تھے، مگر انہوں نے ہمیشه مجھ پر یقین رکھا اور آگے بڑھنے کے لیے میری حوصله افزائی کی، اور کامیاب ہونے کے لیے میرے لیے یه کافی تھا۔

***والدین کو مس حجازی کا مشورہ:***

نئی زبان موزوں طور پر سیکھنے کے لیے آپ کے لیے اپنی مادری زبان پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔ ایک مشورہ جو میں ان والدین کو دیتی ہوں جو خود انگریزی زبان سے نابلد ہیں لیکن چاہتے ہیں که ان کے بچے اسے سیکھیں، وہ یه ہے که وہ سیکھنے کی ایک مضبوط بنیاد قائم کرنے کے لیے اپنی گھریلو زبان کی معاونت کرنا جاری رکھیں۔ یه دوسری زبان پر عبور حاصل کرنے میں ان کی مدد کرے گا۔ جہاں تک ممکن ہو سکے انہیں انگریزی زبان بولنے والے مقامی افراد کے ساتھ اپنے بچوں کی انگریزی زبان بولنے کی مشق کی حوصله افزائی بھی کرنی چاہیئے۔

**جب مس حجازی سے پوچھا گیا: *27 ساله فرد کے طور پر، سیکھنے سے متعلق، آپ کا "خود اپنے لیے نوٹ" کیا ہوگا؟* ان کا جواب تھا که:** سیکھنے کا عمل کبھی نہیں رکتا! سوال پوچھنے اور اپنے کمفرٹ زون سے باہر آنے سے نه گھبرائیں۔ **یه کامیابی کی کنجی ہے۔**

***HISD اساتذہ کے لیے ان کا پیغام ہے که:***

اپنے تمام طلبا پر یقین رکھیں۔ دیگر سیکھنے والوں کی طرح انگریزی زبان سیکھنے والے بھی یکساں صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ■

## 2021-2020 ٹیسٹنگ کیلنڈر

ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی کے ٹیسٹنگ کیلنڈرز جائزے کے لئے دستیاب ہیں۔ جائزے کی معلومات کے لیے STAAR/STAAR Alt اور TELPAS/TELPAS Alt تک رسائی https://bit.ly/3psRRov پر کلک کرنے کے ذریعے کی جا سکتی ہے ■

## متاثر کُن خیالات



ڈاکٹر کیمبل

میں تہہ دل سے ہیوسٹن انڈیپنڈنٹ اسکول ڈسٹرکٹ (HISD) میں آپ کو اور آپ کے بچوں کو تعلیمی سال 2021-2022 کے لیے خوش آمدید کہتی ہوں! اگرچه ہم نے ایک غیر متوقع تعلیمی سال کا سامنا کیا، لیکن ہم نے رحمدلی کے متعلق مزید جانا، اپنے علم میں اضافه کیا، دریافت کیا که تدریس کی متعدد جہتیں – ورچوئل تدریس سے لے کر بالمشافه تدریس تک - ہو سکتی ہیں اور سب سے اہم یه، که ہمیں احساس ہوا که ہمارے بچے کس قدر بلند حوصله ہو سکتے ہیں۔ دوستوں اور اپنے عمومی تدریسی نظام سے دور ہونے کے باوجود، ہمارے طلباء ثابت قدم رہے، اور ہمیں اس پر نہایت فخر ہے!

والدین، آپ نے ایک نہات پُرآشوب وقت کا سامنا کیا ہے! آپ پرورش کی ذمه داریاں ادا کرتے کرتے – راتوں رات استاد بن گئے۔ بطور والدہ، میں جانتی ہوں که یه کوئی آسان کام نه تھا! ہم تاریکی میں منزل کی تلاش کے دوران آپ کی معاونت پر آپ کے مشکور ہیں۔

ہم ایک مزید روشن سال کے منتظر ہیں – جو ہمارے بچوں کے لیے پُرلطف اور دلچسپ مواقع سے بھرپور ہو گا! ہم نے متعدد زبانوں کے پروگرامز کے شعبے کے کام کی معاونت، لیکن سب سے اہم طور پر، اپنے بچوں کی معاونت کے لیے معلمین، پروگرامز، اور کوچز کو شامل کیا ہے۔ والد/والدہ کے طور پر ہم آپ کے ساتھ کام کرنے کے آرزو مند ہیں اور یه بتانا چاہتے ہیں، که ہم آپ کو اپنے بچے کی تعلیم میں شامل اہم ترین جزو کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی بھی معاونت کی ضرورت ہو تو بلاجھجھک رابطه کریں – **ہم شراکت دار ہیں۔**

**-ڈاکٹر خلیله کیمبل، (Khalilah Campbell)**
*خصوصی افسر برائے تقرری طلبا*

## جب آپ .U.S اسکولز میں نئے ہوں...

مہاجرین کی دوبارہ آباد کاری کی ایجنسیز جو نئے ہجرت کر کے آنے والے مہاجر خاندانوں کی معاونت کرنے کے لیے عطیات قبول کرتی ہیں۔

**بین المذاہبی وزارتیں (Interfaith Ministries)**
713-533-4900

**کیتھولک فلاحی ادارے (Catholic Charities)**
713-526-4611

**اتحاد برائے کثیر الثقافتی کمیونٹی سروس (Alliance for Multicultural Community Service)**
713-776-4700

**YMCA بین الاقوامی سروس (YMCA International Service)**
713-339-9015

**ٹیکساس کی مہاجرین سروس (Refugee Services of Texas)**
713-644-6224

## کوپ ایلیمینٹری اسکول (ES) اسپاٹ لائٹ




1950 میں، کوپ ایلیمینٹری قائم کیا گیا تھا اور اس کا نام ایتھل آر کوپ (Ethel R. Coop)، بورڈ ٹرسٹی (1928-1942) کے اعزاز میں رکھا گیا تھا۔ مس کوپ نے ایک روایت کی بنیاد رکھی جو آج بھی ہوسٹن کے بہترین دو زبانوں کے کیمپسز میں سے ایک میں جاری و ساری ہے۔ آج، کوپ کا مشن تعلق کی تعمیر و ترقی کے ذریعے تعلیمی اور ذاتی نشوونما کی ترویج کے لیے پُرعزم ہونے کا تسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔ مواقع تخلیق کرنے میں طلبا کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اور وہ عالمی سطح کے گریجوئیٹس بننے کے لیے درکار ٹولز سے لیس ہیں۔ کوپ ڈسٹرکٹ کے دو زبانوں کے کامیاب کیمپسز میں سے ایک ہے۔ پروگرام تحقیق پر مبنی اور تین بنیادی اصولوں پر عمل پیرا ہے: دو زبانوں پر دسترس اور دو زبانوں میں تعلیم، تعلیمی کامیابی، اور سماجی و ثقافتی استعداد۔

کوپ کے دو زبانوں کے پروگرام کو ہماری ڈسٹرکٹ کی جانب سے تسلیم اور پروگرام کے ماہرین کی جانب سے اس کی تحسین کی گئی ہے۔ جنوری 2020 میں اپنے دورے کے دوران، ڈاکٹر تھامس اور ڈاکٹر کولیئر نے پری کنڈر گارٹن سے لے کر تیسرے گریڈ تک کے طریقہ ہائے کار اور سسٹمز کے تسلسل کو تسلیم کیا۔ رہنماؤں کی جانب سے جس چیز کی خصوصی طور پر تحسین کی گئی وہ بلاتکان تدریس کا درجہ تھا اور تمام گریڈز میں سیاق و سباق کے سب مضامین میں دونوں زبانوں کے اندر تحریری ثبوت کا مشاہدہ کیا گیا۔




**سابق پرنسپل اوراب مڈل اسکول آفس کے لیے بطور SSO خدمت انجام دینے والے، ٹیوڈن مارٹینیز (Tudon Martinez)، کوپ ایلیمینٹری اسکول کے بارے میں کہتے ہیں کہ:**

ایتھل آر کوپ ایلیمینٹری میں پایہ تکمیل کو پہنچنے والی ہر چیز کے متعلق میں نہایت فخر محسوس کرتا ہوں۔ ہمارے دو زبانوں کے پروگرام کو سخت محنت، پلاننگ، بہترین معمولات کے نفاذ اور ہماری دو زبانوں کی شاندار ٹیم کے عزم کے نتیجے کے طور پر HISD کے دو زبانوں کے ماڈل پروگرام کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ ہمارے اساتذہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تندہی سے کام کرتے ہیں کہ وہ ایک ایسا دو زبانوں کا ماحول فراہم کر سکیں جس میں طلبا کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ماڈل اجزا شامل ہوں۔ وقت تلاش کرنا ہمیشہ ایک مشکل کام ہوتا ہے، لیکن یہ وہ آزمائش ہے جس سے تدریسی وقت زیادہ سے زیادہ کرنے کو ترجیح دینے سے ہمارے اساتذہ خوش اسلوبی سے نبرد آزما ہوتے ہیں۔ نتیجتاً، ہمارے طلبا وابستہ اور ہر روز دو زبانوں میں تعلیم کے سفر پر گامزن رہتے ہیں۔

اس سخت محنت کی نگرانی اور معاونت ہماری دو زبانوں کی کوآرڈینیٹر، مس نورا روبلکاوا (Ms. Nora Rubalcava) کی کوششوں کی بدولت کی جاتی ہے، جو ہمارے پروگرام کے آغاز سے اس کے لیے بنیادی جزو کی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے اس بات کو یقینی بناتے ہوئے دو زبانوں کے استاد کے کردار کو خیر آباد کہہ کر کوآرڈینیٹر کا کردار اختیار کیا، کہ وہ بطور استاد جس معیار کی تدریس فراہم کرتی تھیں وہ پورے کیمپس میں یکساں رہے۔



اس سال کوپ کمیونٹی (Coop Community) پرنسپل لوئس سیبیئون (Luis Sabillon) کو خوش آمدید کہتی ہے۔ وہ اساتذہ، عملے، اور منتظمین کی جانب سے کیمپس کو شاندار بنانے کے لیے کیے جانے والے عظیم کام کے تسلسل کو جاری رکھنے اور عملے اور والدین کو باسہولت رسائی کی پیشکش کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ مسٹر سیبیئون چونکہ HISD کے بچوں اور والدین کی 18 سال خدمت انجام دے چکے ہیں، اس لیے ان کے پاس تجربے اور علم کا ایک خزانہ ہے۔ ان کے ماضی کے کرداروں میں مارشل اکیڈمی کے لیے ڈین برائے تدریس کے طور پر کام کرنا شامل ہے، جہاں انہوں نے ESL تدریس کی معاونت کی، اساتذہ کی رہنمائی کی، اور تمام طلبا کے لیے محفوظ تدریسی ماحول قائم کیا۔ اپنے کیریئر کے آغاز میں انہوں نے بروکلین ایلیمینٹری میں چوتھے اور پانچویں گریڈ کو تعلیم سے بہرہ ور کیا۔



کوپ کے اسکالرز کے لیے پرنسپل سیبیئون کا مقصد طلبا کو ہر ممکن بہترین تعلیم فراہم کرنے کے لیے اساتذہ اور والدین کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر کام کرنا ہے۔ وہ کلاس روم میں نمو پانے اور آگے بڑھنے کے لیے طلبا کو مواقع فراہم کرنے کی خاطر پُرعزم ہیں۔ پرنسپل سیبیئون یقین رکھتے ہیں کہ ہر فن مولا، اور تاحیات سیکھنے والوں کو سامنے لانے کے لیے عزم درکار ہے اور وہ کمیونٹی سے مل کر کام کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔

***پرنسپل: لوئس سیبیئون (Luis Sabillon)***
ای میل: ***LSABILLO@houstonisd.org***
***https://twitter.com/Coop_Eagles***
ای میل: ***CoopES@houstonisd.org***
***https://www.houstonisd.org/coopes*** ■

## دولسانی بچے کی تربیت

**اسکولز کے دوبارہ کھلنے کے ساتھ، والدین کے پاس دوبارہ اپنے بچوں کے استاد سے ملنے کا موقع ہے، لیکن، والد/والدہ اور استاد کی کانفرنس پر جانے سے پہلے، آپ سوالات اور جوابات کی ایک فہرست مرتب کریں۔ یہ فہرست اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ آپ کی رہنمائی کے لیے یہ کچھ آراء ہیں:**

- اس سال کلاس میں کیا کور کیا جائے گا؟
- آپ گھر سے کرنے کے لیے کتنا کام دیتے ہیں؟
- دن کے کام کی خاطر میرے بچے کو ہر روز کیسے تیار ہونے کی ضرورت ہے؟
- آپ کے کلاس روم کے اصول اور نتائج کیا ہیں؟
- کیا کوئی بڑے پراجیکٹس آ رہے ہیں؟ آپ والدین کو ان کے بارے میں کیسے بتائیں گے؟
- آپ کی کلاس میں میرے بچے کے پاس طالب علم تا طالب علم تعامل کے کیا مواقع ہوں گے؟
- آپ میرے بچے کی انگریزی زبان کی مہارت کے بارے میں کیسے جانیں گے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ وہ آپ کی کلاس میں کامیاب ہوں، آپ کیا معاونتی اقدامات کر رہے ہیں؟
- میرے بچے کی انگریزی زبان کی مہارت بہتر بنانے میں ان کی مدد کے لیے آپ کیا کر رہے ہیں؟
- میں اسکول میں اپنے بچے کی بہتر کارکردگی میں مدد کے لیے گھر پر کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

**یہ وہ کچھ موضوعات ہیں جو ہو سکتا ہے کہ آپ استاد کے لیے تیار رکھنا چاہیں:**

- آپ کے بچے کے پسندیدہ (اور سب سے کم پسندیدہ) مضامین۔
- آپ کا بچہ بہترین طور پر کیسے سیکھتا ہے۔
- اسکول کے علاوہ آپ کے بچے کی دلچسپیاں۔
- ایسے حالات جو اسکول میں آپ کے بچے کے رویے پر اثرانداز ہو سکتے ہوں۔ ■



## Tx میں انگریزی سیکھنے والوں کی معاونت

**ہیوسٹن ISD معاونتیں**
والد/والدہ کا کورس: ***https://bit.ly/3thXK9M***
HISD کے ساتھ گھر پر سیکھنے کے متعلق معلومات

لسانی سہولیات کی فہرست:
***https://www.houstonisd.org/Page/184314***

**والدین کے وسائل**
ٹیکساس تعلیمی ایجنسی کی معاونتیں: ***http://bit.ly/3t69k8k***

**گھر پر تدریس کے لیے مفید ویب سائٹس**
*یہ ویب سائٹس انگریزی زبان میں کامل مہارتوں پر دسترس میں مدد کریں گی: سننا، بولنا، پڑھنا، اور لکھنا۔*

انگریزی: ***https://bit.ly/3sO9t0A***

ہسپانوی: ***https://bit.ly/38bMmmO***

**انٹرنیٹ فراہم کنندگان: خاندانوں کو مربوط رکھنا**
انگریزی: ***https://bit.ly/2OteiN2***

ہسپانوی: ***https://bit.ly/3mkfFtG***

**تعلیم بالغان اور خواندگی کے پروگرامز**
***https://bit.ly/3wqVOxl***

**صحت اور تحفظ – HISD اسکول و اپسی کا پلان**
***https://www.houstonisd.org/ReadySetGo***

**والد/والدہ کی یونیورسٹی**
**تاریخیں ذہن نشین کرلیں**
2021-2022 سیشنز:

منگل، 14 ستمبر 2021 – وہیٹلی ہائی اسکول(Wheatley HS)
منگل، 19 اکتوبر 2021 – اسکار بورو ہائی اسکول(Scarborough HS)
منگل، 16 نومبر 2021 – ملبی ہائی اسکول(Milby HS)
منگل، 18 جنوری 2022 – میڈیسن ہائی اسکول(Madison HS)
منگل، 15 فروری 2022 – بیل ایئر ہائی اسکول(Bellaire HS)
منگل، 19 اپریل 2022 – ہیوسٹن (Houston MSTC) MSTC

***https://www.houstonisd.org/ParentUniversity*** ■